Maulana Azad National Urdu University

M.A. Sociology, II Semester Examination - May 2018

Paper : MASO201DST : Rural Sociology

پرچہ :

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) فرڈننڈ ٹونیس (Fardinand Tonnies) نے کس سماجیاتی اصطلاح کا استعمال کیا ہے؟

(a) سماج (Society) (b) غیر روایتی گروہ (Gesellschaft)

(c) روایتی گروہ (Gemeinschaft) (d) (b) اور (c) دونوں

(ii) ہندوستان میں زرعی اصلاحات (Land (Reforms) کے لیے نیچے دی گئی کن باتوں کو مدنظر رکھا گیا؟

(a) بچولیوں کو ختم کرنا (Abolition of Intermediaries) (b) کرایہ داری اصلاحات (Tenancy Reforms)

(c) زراعت کا اعتراف (Recognition of Agriculture) (d) اوپر دیئے گئے سبھی۔

(iii) پنچایتی راج نظام میں کتنے درجے ہوتے ہیں؟

(a) ایک درجہ (b) دو درجہ

(c) تین درجہ (d) چار درجہ

(iv) ان میں سے کون سا آرٹیکل بندھوا مزدوری (Bonded Labour) کو ایک جرم بتاتا ہے؟

(a) آرٹیکل 23 (b) آرٹیکل 17

(c) آرٹیکل 25 (d) ان میں سے کوئی نہیں

(v) ہندوستانی دیہی سماج کس نقطہ نظر سے نچلے درجے پر آتا ہے؟

(a) سماجی (Social) (b) سیاسی

(c) معاشی (d) نفسیاتی (Psychological)

(vi) Rural Sociology in India کس کی کتاب ہے؟

(a) آندرے بیتے (b) اے۔آر دیسائی

(c) این جے سوسلسر (d) ایم۔این شری نواس

(vii) ان میں سے کون سا آرٹیکل پنچایتی راج سے جڑا ہے؟

(a) آرٹیکل 243 (b) آرٹیکل 324

(c) آرٹیکل 124 (d) ان میں سے کوئی نہیں

(viii) دیہی سماج کے بہبود میں سب سے ضروری کیا ہے؟

(a) ذات پنچایت (b) کوآپریٹس

(c) پولس (d) گاؤں پنچایت

(ix) دیہی سماج میں عورتوں کو ان کے حقوق دلوانے میں مدد دی۔

(a) پنچایتی راج نظام میں 73 ترمیم (b) صنعتی انقلاب

(c) مزدوروں کی تحریک (d) کسانوں کی تحریک

(x) بے زمینی مزدور (Landless Labourer) کسے کہتے ہیں؟

(a) زمین سے جڑا ہوا زراعتی مزدور (b) عارضی زراعتی مزدور

(c) زراعتی مزدور جن کے پاس اپنی زمین نہیں ہے (d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2. پنچایتی راج سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

3. مہاجر مزدوروں (Migrant labourers) کے بارے میں بتاتے ہوئے ان کی پریشانی پر روشنی ڈالیے۔

4. زرعی اصلاحات پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

5. ہندوستانی دیہی سماج میں عورتوں کی حصہ داری پر روشنی ڈالیے۔

6. دیہی سماج اور شہری سماج کے فرق کو بیان کیجیے۔

7. بندھوا مزدوروں کے حالات پر اپنے خیالات ظاہر کیجیے۔

8. Rurbansim پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

9. Pauperization کے تصور پر بحث کیجیے۔

حصہ سوم

10. ہندوستانی دیہی سماج کے اداروں کا جائزہ لیتے ہوئے اس کے ڈھانچہ اور کارکردگی کو بیان کیجیے۔

11. دیہی قیادت (Rural Leadership) اور گروہ بندی (Factionalism) پر تفصیلی بحث کیجیے۔

12. کسانوں کی تحریک (Peasant Movement) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

13. دیہی سماج میں ذات پات کے نظام اور سماجی درجہ بندی کے بارے میں اپنے تفصیلی خیالات کا اظہار کیجیے۔

14. دیہی سماج میں موجودہ دور میں ہو رہے بدلاؤ پر ایک مضمون لکھیے۔

☆☆☆